اهلِ حرم کو لیکر شبیر آ رہے ہیں

اهلِ حرم کو لیکر شبیر آ رہے ہیں
اے کربلاء تیرے یانہ مہمان آ رہے ہیں

طے کرتے ھي منازل یہ کاروانِ شاهي
پهنچا جو کربلاء میں شبیر نے صدا دي
ٹهرو یہیں هم اپنا مسکن بنا رہے ہیں

بهائي حسین سے یانہ زینب بچهڑ نہ جائے
پهولا پهلا چمن یہ بن میں اُجڑ نہ جائے
یہ سوچ کر سبهي کے دل تهر تهرا رہے ہیں

عبّاس کو نظر بهي آنے لگے تهے خیمے
دل میں خوشي تهي بے حد پاني پئینگے بچّے
لیکن ستم کے بادل یہ کیسے چها رہے ہیں

شانے کٹے تو غازي هے هے گِرا زمیں پر
مشکیزه چهد گیا اور پاني بہا زمیں پر
یہ دیکھ کر شہِ دیں آنسو بہا رہے ہیں

خیمے کے در سے زینب روکر یہ کہہ رہي تھي
یہ نو جوان کي میت شه سے نہ اُٹھ سکیگي
ٹھرو نجف سے بابا کو هم بُلاء رهے هیں

اِك تیر حرملا نے صد حِیف ایسا مارا
بے شیر کے گلے سے چھوٹا لهو کا دهارا
گهوارهءِ اجل میں سرور سلا رهے هیں

محبوبِ کبریاء کا کهلائے جو نواسه
افسوس تین دن سے بهوکا هے اور پیاسا
تیر و تبر اُسي په ظالم چلا رهے هیں

هر اِك نبي نے شه کا کربل میں غم منایا
ظُلموں کو یاد کر کے ٰانکهوں سے خون بهایا
ٰالِ نبي کو دشمن کتنا ستا رهے هیں

اِك ٹیکري په زینب شه کو نظر جو ٰائي
کر کے اشاره شه نے کیا بات هے بتائي
وهاں بهن یهاں په بهائي بس روئے جا رهے هیں

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاّ نذرعلي پارسوالا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

اے شمر اُٹھ کر میرا اِک کام ٰاخري ھے
کر لوں دعاءِ ٰاخِر بخشش کي یہ گھڑي ھے
یہ کہہ کے شاہ ٰاخِر سجدہ بجا رہے ھیں

بے شك وہ کربلاء ھے جس جاء حسیني داعي
نے شاہ کے الم میں ماتم کي صف بچھائي
مجلس میں پنجتن بھي تشریف لا رہے ھیں

زھراء بھي ٰاج خوش ھیں اور خوش ھیں مصطفیٰ بھي
کِس شان کا ھے ماتم اور ھے یہ گِریاں زاري
برھان دیں ھمارے غم یوں منا رہے ھیں

بس اِک یہي دعاء کي ھے اِس زباں کو عادۃ
مولیٰ رھے سلامت مولیٰ رھے سلامت
ھم ھر دعاء میں اپني یہي مانگے جا رہے ھیں

عرضِ غلام ادنیٰ عابد رشیق کي ھے
مولیٰ کے ساتھ زیارۃ منشاء دلي یہي ھے
دیکھیں حسین اب کب قسمت جگا رہے ھیں

*****

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاّ نذرعلي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء